(i) گزشتہ چھ سالوں میں میونسپل کارپوریشن پشاور میں بھرتی شدہ افراد کے نام، ڈومیسائل، عہدہ اور گریڈ کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ ملازمین کنٹریکٹ، ڈیلی ویجز، عارضی یا ریگولر کی بنیاد پر بھرتی کئے گئے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ ادارے میں اس وقت کل کتنے ملازمین کنٹریکٹ، ڈیلی ویجز اور عارضی طور پر تعینات ہیں، الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں، درست ہے کہ محکمہ کے زیر انتظام میونسپل کارپویشن پشاور موجود ہے۔ جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ میونسپل کارپوریشن پشاور میں وقتاً فوقتاً مختلف آسامیوں پر بھرتیاں کی جاتی ہیں۔

(ب) (i) گزشتہ چھ سالوں میں میونسپل کارپوریشن پشاور میں بھرتی شدہ افراد کی مجموعی تعداد 1070 ہے جن کے نام، ڈومیسائل، عہدہ اور گریڈ کی تفصیل ساتھ ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) اس وقت میونسپل کارپویشن پشاور میں کل 4638 ملازمین کنٹریکٹ، ڈیلی ویجز اور عارضی طور پر تعینات ہیں جن کی کل تعداد درج ذیل ہے، بلکہ ان کی مکمل تفصیل بھی ایوان کو فراہم کی گئی۔

ریگولر / کنٹریکٹ	4616
فکسڈ پے	21
ڈیلی ویجز	01

جناب شاہ حسین خان: سوال نمبر 2253۔ سپیکر صاحب، دیکبنې زما ضمنی سوال دا دے چې دا تقریباً څه 4638 ملازمین دی په کنټریکټ او په ریګولر دغه باندې، بیا دا لاندې ئے لیکلی دی ریګولر کنټریکټ 4616 دی، په فکسډ پے باندې 21 دی او ډیلی ویجز باندې یو دے۔ زه وایم چې دوئ کله دا وائی چې دا مونږه دې کمپنئ له ورکړی دی، دا هم د دې اولنی سوال سره دے جی، نو چې کمپنئ له ئے

ورکړل نو دلته کښې چې دا پوستونه خالی شول، په دې باندې به دوئ نوی بهرتی کوی که نه دا به بیا دې ته واپس راځی؟ د دې لږ دغه غواړم۔

جناب سپیکر: عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): په دې باندې بهرتی به نه کیږی سپیکر صاحب! ځکه چې کمپنئ ته مونږ ورکړل نو دا جاب چې کوم دے نو دا جاب چې دے نو کمپنئ ته منتقل شو، یعنی دا جاب چې کوم د صفایئ دغه وو نو دا د کارپوریشن نه کمپنئ ته منتقل شو نو لهذا د صفایئ عمله هم هغې ته منتقل شوه۔ که سبا دا کمپنی Dissolve کیږی نو دا به واپس میونسپل کارپوریشن ته راځی او د دوئ سیلریز چې کوم دی، د دې کومه ریونیو وه، هغه هم کمپنئ ته منتقل شوه۔ لکه دا یو Decision شوے دے، 30 کروړ روپئ دغه ورکوی کمپنئ ته، کارپوریشن ورکوی د دې خلقو د تنخواګانو، څه دس باره کروړ روپئ غالباً دغه ورکوی، پی ډی اے ورکوی، داسې دوه دوه نیم درې کروړه روپئ یو ټی سی ورکوی نو د دې ملازمینو تنخواګانې ټولې هغې ته ورکوی خو د دې ملازمینو تنخواګانې د دې نه نه پوره کیږی۔ په دې باندې In addition to that پراونشل ګورنمنټ د Maintenance او د دوئ د تنخواګانو د باقی پوره کولو د پاره لکه پراونشل ګورنمنټ Grant in aid کمپنئ ته ورکوی۔

Mr. Speaker: Ji, next 2295. Janab Salih Muhammad Sahib.

راجہ فیصل زمان: سر! میرا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

راجہ فیصل زمان: میرا منسٹر صاحب سے ضمنی کوئسچن ہے کہ اصل میں سر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: 2267۔

راجہ فیصل زمان: 2267 سر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 2267 _ جناب صالح محمد (سوال راجہ فیصل زمان نے پیش کیا): کیا وزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کی ذمہ داری پوری کر رہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 14-2013 میں کل کتنے لائسنس جاری کئے گئے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبائی کابینہ نے 2004 اور صوبائی حکومت نے 2009 میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا اختیار محکمہ ٹرانسپورٹ کے حوالے کیا مگر محکمہ پولیس غیر قانونی طریقے سے ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء کر رہا ہے۔ سٹاف کی منتقلی کے علاوہ ریکارڈ، مشینری و دیگر وسائل بھی محکمہ ٹرانسپورٹ کے حوالے نہیں کئے گئے۔

محکمہ ٹرانسپورٹ نے اپنی مدد آپ کے تحت مارچ 2013 میں ابتدائی طور پر پشاور سے ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء شروع کیا ہے اور سال 2014 میں 21 اضلاع میں ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء شروع کر چکا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ نے صوبے کے 22 اضلاع میں لائسنس کا اجراء شروع کیا ہوا ہے۔ موجودہ ریکارڈ کے مطابق محکمہ ٹرانسپورٹ صوبہ بھر میں کامیابی کے ساتھ 45,000 لرنر پرمٹ اور 40,000 لائسنس کا اجراء کر چکا ہے۔

راجہ فیصل زمان: سر! میرا کوئی جواب، (وزیر قانون سے) سر! آپ دیں گے؟ اچھا، اس میں سر! یہ ڈیپارٹمنٹ جو ہے پولیس بھی چلا رہی ہے اور اے ڈی سی صاحب بھی چلا رہے ہیں اور میں نے پچھلے دنوں آپ کے سامنے آنریبل سپیکر صاحب! کہا تھا کہ میں نے ایک Expired license اپنا دیا کہ مجھے Renewal کر دیں تو آج تک میں آٹھ مہینے اس کا انتظار کر رہا ہوں، میں ریکویسٹ کروں گا کہ مجھے وہ Expired واپس کر دیں (قہقہے) کہ میں اسی سے کام چلا لوں۔ دوسرا مجھے اے ڈی سی صاحب نے کہا کہ ہمارے پاس واپس آ جائے ہم جلدی بنا دیں گے۔ پھر میں نے پوچھا کہ پولیس والے کیوں نہیں بنا سکتے، انہوں نے کہا کہ ان کے پاس پیپر نہیں ہے۔ لہذا میری یہ ریکویسٹ ہوگی، یہ ایک ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہو جو Focus کر سکے اور بہتری سے کام کر سکے، میری یہ ریکویسٹ ہے۔ اللہ کرے گا میرا لائسنس تو مجھے کہیں سے مل جائے گا، چاہے Expired ملا یا بنا ہوا ملا لیکن میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ یہ ایک ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہونا چاہیئے، دو ڈیپارٹمنٹس کے پاس نہیں۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ کوئسچن Related ہے ٹرانسپورٹ منسٹر کے ساتھ، چونکہ وہ آج رخصت پر ہیں تاہم میں، چونکہ جو Actual mover ہے، وہ Present نہیں ہے، صالح محمد خان صاحب، سپلیمنٹری کوئسچن میرے بھائی لے کر آئے ہیں جو کہ Valid ہے، ان شاء اللہ میں ان کو یہ اعتماد دلاتا ہوں کہ جو مجھ سے ہو سکے، میں منسٹر کے ساتھ بیٹھ کے ان شاء اللہ یہ کرا دوں گا۔

Mr. Speaker: Next 2295, Salih Muhammad Sahib. Not present. ‘Questions` Hour’ is over.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

2177 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ حکومت نے جناح پارک میں کئی لاکھ کی لاگت سے قومی پرچم نصب کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے؛

(ب) مذکورہ پرچم پر قومی خزانے سے خطیر رقم خرچ کرنے کے باوجود پرچم عدم توجہ کی وجہ سے ضائع ہو رہا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ قومی پرچم پر کتنا خرچہ آیا ہے اور موجودہ حکومت نے اس پرچم کو ضیاع سے بچانے کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں، درست ہے۔ گزشتہ حکومت میں جناح پارک میں ایک بلند قامت قومی پرچم نصب کیا گیا تھا۔

(ب) مذکورہ پرچم کی دیکھ بھال صحیح طریقے سے ہو رہی ہے اور اس ضمن میں پشاور میونسپل کارپوریشن حتی الوسع کوشش کر رہی ہے۔

(ج) قومی ہلال پرچم پچھلے دور حکومت میں پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے توسط سے تقریباً 36 لاکھ روپے کے خرچ سے نصب ہوا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

سیریل نمبر	کام کی تفصیل	لاگت
01	فاؤنڈیشن ورک	31,18900/- روپے
02	پائپ ورک	18,900/- روپے
03	جھنڈے کا کپڑا	77,600/- روپے

اس کی تکمیل کے بعد یہ میونسپل کارپوریشن پشاور کے حوالے کیا گیا جو اس کی دیکھ بھال کی ذمہ دار نبھا رہی ہے۔ علاوہ ازیں ایک اضافی پرچم بنانے کی منظوری دی جا چکی ہے جس پر مبلغ -/86,000 روپے کے خرچ کا تخمینہ ہے جو کہ موجودہ جھنڈے کی بوسیدگی کی صورت میں تبدیلی کیلئے موجود ہوگا۔

جناب سردار حسین: کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) تمام پراجیکٹس کنسلٹنٹ کے ذریعے ہوتے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کنسلٹنٹ کے پاس تجربہ کار انجینئرز موجود ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو انجینئرز کی تعلیمی قابلیت اور تجربے کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر برائے آبنوشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، محکمہ آبنوشی 14-2013 کے تمام پراجیکٹس مندرجہ ذیل کنسلٹنٹس کے ذریعے کرتا ہے:

1۔ نسپاک 2۔ انجینئرنگ سروس کنسلٹنٹ 3۔ ایسوسی ایٹس ان ڈیویلپمنٹ

4۔ انجینئرنگ ایسوسی ایٹس

مندرجہ بالا فرموں میں جو انجینئرز کام کر رہے ہیں، ان کی تعلیمی قابلیت ایم ایس سی جیوٹیکنیکل، ایم ایس سی واٹر ریسورسز، ایم ایس سی انوائرنمنٹل انجینئرنگ، بی ایس سی سول انجینئرنگ اور ڈپلومہ ایسوسی ایٹ انجینئرنگ ہے اور ان میں سے زیادہ تر انجینئرز پانچ سال سے زیادہ عرصے کا تجربہ رکھتے ہیں۔

2295 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دھواں چھوڑتی ہوئی گاڑیوں کو چیک کرنے کیلئے محکمہ ہذا سرگرم عمل ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 14-2013 میں ڈویژن وائز کتنی گاڑیاں چیک کی گئیں اور ان سے کتنا جرمانہ وصول کیا گیا، تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ): (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ ٹرانسپورٹ کے زیر انتظام موٹر وہیکل ٹیسٹنگ سٹیشنز (VETS) مختلف ڈویژنز میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو محکمہ پولیس کے تعاون سے چیک کرتی ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

ڈویژن	پاس گاڑیاں	فیل گاڑیاں	کل گاڑیاں

14904	3515	11389	پشاور
8480	1127	7353	سوات
5391	1100	4291	ڈی آئی خان
5531	988	4543	ایبٹ آباد
6610	1375	5235	مردان
40916	8105	32811	کل

تفصیلات درج ذیل ہیں:

Statement of vehicles checked by VETS for the year 2013-14

Dated/Month	Vehicle checked	Passed	Failed	Challan
1. Peshawar				
July-13	1869	1257	612	612
August-13	2548	1753	795	795
September-13	1055	944	111	111
October-13	254	216	38	38
November-13	220	192	28	28
December-14	236	218	18	18
January-14	256	228	28	28
February-14	190	145	45	45
March-14	1209	1011	198	198
April-14	1857	1768	89	89
May-14	2665	1775	890	890
June-14	2545	1882	663	663
Total Peshawar	**14904**	**11389**	**3515**	**3515**
2. Swat				
July-13	842	750	92	92
August-13	633	516	117	117
September-13	963	813	150	150
October-13	489	420	69	69
November-13	410	349	61	61
December-13	819	729	90	90
January-14	897	750	147	147
February-14	730	606	124	124
March-14	562	477	85	85

April-14	674	594	80	80
May-14	831	784	47	47
June-14	630	565	65	65
Total Swat	**8480**	**7353**	**1127**	**1127**
3. D.I.Khan				
July-13	211	216	55	55
August-13	268	184	84	84
September-13	383	286	97	97
October-13	23	13	10	10
November-13	0	0	0	0
December-13	554	427	127	127
January-14	626	511	115	115
February-14	756	629	127	127
March-14	733	569	164	164
April-14	806	652	154	154
May-14	569	435	134	134
June-14	402	369	33	33
Total D.I.Khan	**5391**	**4291**	**1100**	**1100**
4. Abbotabad				
July-13	926	783	143	143
August-13	580	440	140	140
September-13	181	141	40	40
October-13	0	0	0	0
November-13	246	188	58	58
December-13	689	610	79	79
January-14	752	654	98	98
February-14	104	89	15	15
March-14	427	339	88	88
April-14	550	477	73	73
May-14	596	448	148	148
June-14	480	374	106	106
Total Abbottabad	**5531**	**4543**	**988**	**988**
5. Mardan				
July-13	612	554	59	59
August-13	344	273	71	71
September-13	362	281	81	81
October-13	568	434	134	134

November-13	427	322	105	105
December-13	633	518	115	115
January-14	637	509	128	128
February-14	673	531	142	142
March-14	503	391	112	112
April-14	571	466	105	105
May-14	726	561	165	165
June-14	554	396	158	158
Total Mardan	**6610**	**5235**	**1375**	**1375**
Net Total	***40916***	***32811***	***8105***	***8105***

سال 2013-14 میں VETS پشاور، سوات، ڈی آئی خان، ایبٹ آباد اور مردان میں کام کر رہے تھے جبکہ 2014-15 میں VETS نے کوہاٹ، بنوں اور مانسہرہ میں بھی کام شروع کر دیا ہے۔ جہاں تک جرمانے وصول کرنے کا تعلق ہے تو یہ ٹریفک پولیس والے وصول کرتے ہیں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: سردار محمد ادریس، 16-04-2015؛ محمد شیراز خان، 16-04-2015؛ ملک قاسم، 16-04-2015؛ نادیہ شیر، 16-04-2015؛ فضل حکیم صاحب، 16-04-2015؛ سردار ظہور احمد صاحب، 16-04-2015 و 17-04-2015؛ میاں ضیاءالرحمان صاحب، 16-04-2015؛ جناب صالح محمد صاحب، 16-04-2015؛ جناب الحاج ابرار حسین صاحب، 16-04-2015؛ جناب جمشید مہمند صاحب، 16-04-2015؛ میڈم فوزیہ بی بی، 16 و 17 اپریل؛ میڈم زرین ضیاء، 16-04-2015؛ جناب احتشام اکبر صاحب، 16-04-2015؛ میڈم مہرتاج روغانی، 16-04-2015؛ جناب زاہد درانی، 16-04-2015؛ جناب خالد خان صاحب، 16-04-2015؛ جناب ارشد علی خان صاحب، 16-04-2015؛ میڈم رومانہ جلیل صاحبہ، 16 و 17 اپریل 2015؛ منظور ہیں؟

اراکین: ہاں۔

جناب سپیکر: ہاں ایک منٹ، ایک منٹ۔ محمود خان! یہ ریزولیوشن میں نے آپ کی پڑھ لی ہے، اگر آپ بریک میں مل لیں اور اس پر میرا بھی، میں چاہتا ہوں کہ پہلے آپس میں مشورہ کر کے پھر اس کو بنا لیں گے۔
Item No. 07. Sardar Aurangzeb Nalotha, lapsed. Mr. Abdul Karim, MPA, lapsed.

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، دا ایجنڈا لړ پوره کړو نو بیا تاسو ته۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب جعفر شاہ: ډیره مهربانی جی، تهینک یو جناب سپیکر صاحب۔ زما خو جی دوه خبرې دی او هغه هم د منسټر بلدیات، جی دوئ مونږ ته هغه بله ورځ تیره هفته کښې په دې هاؤس کښې یقین دهانی راکړې وه چې د سوات وائس چانسلر خلاف یو کیس Sub judice دے، په عدالت کښې کیس هم روان دے، بیا انکوائری هم روانه ده، کیس په سټینډنګ کمیټۍ کښې پینډنګ هم دے او بیا زما خیال دے چې غالباً تاسو په هغې شاید څه Correspondence هم کړے دے خو د هغې باوجود هغه د هغه خپلو کارونو نه په قلار نه دے او حتیٰ چې د سینیټ هغه اجلاس هم اوشو، هغوی پکښې Decisions هم واخستل، هغه خپل غیر قانونی کارونه لګیا دے قانونی کوی۔ یو خو چې دوئ د دغې وضاحت اوکړی، زه په دې پر زور احتجاج کومه۔ دویمه خبره جی د منسټر صاحب نه زما دا خواست دے چې حکومت یو نوټیفیکیشن جاری کړے دے، ناں، عدالت زما خیال دے فیصله کړې ده او د هغې فیصلې په رڼرا کښې اوس دوئ سره وفد هم ملاؤ شوے دے کوم چې ټاونز دی، رهائشی ټاونز، نو په هغې کښې ځنې ادارې داسې دی چې هغه تعلیمی ادارې دی، زه به مثال واخلمه پشاور یونیورسټی ټاؤن کښې پینځویشت زره طلباء چې دی، هغوی سبق وائی، دغه شان په هغې کښې کلینکس هم دی چې هغه د هغه ټاؤن د رهائشی خلقو ضرورت هم دے، بې شک دفترونه هغې کښې شته، هاؤسز دی یا کارخانې، د هغې مونږه په Favour کښې نه یو خو د هغه خلقو سره Alternate نشته دے، هغوی انتظامیه اوس لګیا ده بې ځایه ئے تنګوی نو اوس دا پینځویشت زره طلباء به چرته ځی، دغه ډاکټران به په یو هفته کښې یا په یو ورځ کښې خپل دا کلینکونه چرته پرانیزی؟ د هغوی خپل یو ایسوسی ایشن دے، خپل تنظیم ئے هم جوړ کړے دے او منسټر صاحب سره په هغې کښې ملاؤ شوی هم دی۔ زما د دوئ نه دا خواست دے چې په دواړه خبرو باندې د ایوان په اعتماد کښې واخلی۔

جناب سپیکر: جی، عنایت خان۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکرا دوئ درست وائی چې ما ایشورنس ورکړے وو، یو ځلې ما ایشورنس ورکړے وو نو په هغه ځل باندې په 10 تاریخ باندې اجلاس وو، ما ګورنر سیکرټریټ ته هم فون اوکړو او سیکرټری هائر ایجوکیشن ته هم فون اوکړو او په هغه ځل اجلاس اونشو۔ بیا دوباره اجلاس پلان شو او ما ایشورنس ورکړو خو چې کوم دې صوبائی اسمبلئ د دغه رولز پاس کړی چې کومه لاء پاس کړې ده، ایکټ ئے پاس کړے دے، په هغه ایکټ کښې نه ئے د صوبائی اسمبلئ سره او نه ئے د هائر ایجوکیشن سره دا اختیار پریښے دے چې هغوی لکه چې دا کار مونږ په ریکویسټونو باندې خو کړے دے چې مونږه ګورنر سیکرټریټ ته او دغه ته ریکویسټ اولیږلو چې دا مه کوئ ځکه ګورنر صاحب چې دے نو د هغې چانسلر دے د ایکټ مطابق او هغه دا سینیټ Preside کوی او هغوی ئے راغواړی او In his absence هغه بل څوک چې دے نو بیا Nominate کوی، نو زمونږه هغه ریکویسټ هغوی آنر نکړو، ما Communicate کړے دے، Accordingly ما Communicate کړے دے او دویم په دې باندې د اسمبلی ډیبیټ اوکړی، دا خپل اختیار او خپل دغه د هم لږ اوګوری چې یره مونږه دومره لکه پراونشل ګورنمنټ په دې لاز او په دې ایکټس کښې دغه کړے دے، کمزورے کړے دے، د پراونشل ګورنمنټ دومره اختیار هم ختم کړے دے نو پراونشل ګورنمنټ دا غواړی چې یره د سینیټ اجلاس د نه کیږی ځکه چې معامله Sub judice ده او په کمیټئ کښې ده، سټینډنګ کمیټئ کښې ده، Sub judice ده خو د هغې باوجود هم لکه د هائر ایجوکیشن ډیپارټمنټ سره دا اتهارټی او دا پاورز نشته چې دا د سینیټ اجلاس منع کړی، په ریکویسټونو او په درخواستونو باندې خو ئے مونږه کولے شو خو Lawfully مونږ سره داسې څه دغه نشته۔ زه خو د دې وجې هم دوئ ته دا درخواست کوم چې کوم د یونیورسټیز ایکټ راروان دے، هغې کښې رشتیا خبره داسې ده چې حکومتونه، ځکه پراونشل ګورنمنټ پیسې هم ورکوی په دیکښې، بیا د 17 نه Onward به ایچ ای سی چې دے نو بیا فیډرل ګورنمنټ د یونیورسټیانو پیسې نه ورکوی، د دې نه وروستو به بیا پراونشل ګورنمنټ ته دا Burden shift شی او

اوس ډیر لوئے Burden چې دے پراونشل گورنمنټ Carry کوی، نو د دې وجې نه چې کله پراونشل گورنمنټ پیسې ورکوی، زمکه ورکوی نو د پراونشل گورنمنټ اختیار هم پکار دے، د هائر اختیار هم پکار دے، نو زه وایم په دې ایکټ کښې لکه داسې امنډمنټس پکار دی چې لکه مونږه داسې بې اختیاره نه یو چې د صوبائی اسمبلئ ممبر، معزز ممبر او په دې ایوان کښې خبره اوشی او د یو دغه وائس چانسلر چې دے د یونیورسټئ چانسلر هغه بلډوز کوی او گورنر سیکرټریټ ته هم د دې خبرې احترام پکار دے، رشتیا خبره ده گورنر سیکرټریټ ته د دې خبرې احترام پکار دے لکه We are the product of the same law، مونږه د یو کانسټی ټیوشن، گورنر هم د یو کانسټی ټیوشن په نتیجه کښې گورنر شوے دے او د هغې کانسټی ټیوشن په نتیجه کښې دا اسمبلی هم دغه شوې ده، نو هغوی له د یو وائس چانسلر په ځائې باندې د دې اسمبلئ هغه زیات احترام پکار دے۔ ما پخپله باندې، زه د دې خبرې دغه کومه چې مونږه هغه اجلاس منع ځکه نکړے شو چې په لاء کښې ما ته هائر ایجوکیشن سیکرټری اووئیل چې ما سره هیڅ اختیار په لاء کښې نشته دے، نه د پراونشل گورنمنټ سره دا دغه شته چې د یونیورسټئ لکه کوم اختیار چې صوبائی اسمبلئ پخپله ورکړے دے نو د هغې لاندې هغه Empowered دی چې هغه دا اجلاسونه کوی۔

<u>جناب سپیکر</u>: عنایت خان! زه به هم دیکښې وضاحت اوکړمه چې ما پسې آنریبل ممبر ډاکټر حیدر علی صاحب راغلو او هغه وئیل چې یو لیټر د دې اسمبلئ د کارروایئی والا گورنر صاحب ته اولیږه۔ ما باقاعده هغه چې څومره کارروائی شوې ده، یو لیټر گورنر صاحب ته اولیږلو خو گورنر صاحب هم د هغې څه داسې نوټس وانخستو۔ زما په خیال باندې گورنر صاحب له هم دا پکار دی چې کم از کم په اسمبلئ کښې کوم ایشو راشی او د هغې چې دے، دا د ټولو نه یو august House دے، یو ډیر ذمه دار خلق دلته کښې ناست دی، نو هغوی له هم کم از کم د اسمبلئ دا ریکویسټ کول پکار دی۔ اوس دا به ډیره نامناسبه وی چې دلته مونږه په دې موقع باندې داسې څه خبرې، ایشو ډسکس شی نو هغه دغه دے او Personally مونږه لیټر لیږلے وو او د گورنر صاحب بیا څوک سیکرټری زما د سیکرټری سره رابطه اوکړه، د هغوی څه پته نشته دے څوک سیکرټری وو،

هغوی زمونږه سیکرټری سره رابطه اوکړه چې دا خو د مخکښې نه طے کړے وو نو پکار ده چې دا څه دومره غټه خبره نه وه، دا چې دے Postponed کول پکار وو۔

سینئر وزیر(بلدیات): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، عنایت خان۔

سینئر وزیر(بلدیات): جناب سپیکر صاحب، ما ایوان ته دا وضاحت اوکړو او زه وایم دا اسمبلی چې ده ایکټونه جوړوی، دا اسمبلی دا ادارې Create کوی خو افسوس دا دے چې کله دا Create کړی نو بیا دوئ نه پوهیږی په دې خبره باندې چې دا اسمبلی چې ده دا د دې ادارو، Legal status ورته د دې اسمبلئ نه ملاویږی او هغه دغه بیا د دوئ په ذهن کښې نه پاتې کیږی۔ د دې وجې نه زما دا خیال دے چې فیوچر کښې داسې لیجسلیشن نه دے پکار، لکه کله به مونږه په حکومت کښې یو او کله به دا د اپوزیشن بنچز خلق په حکومتونو کښې وی، داسې لیجسلیشن نه دے پکار چې په هغې کښې د حکومت لاس او پښې مونږه پخپله باندې اوتړو او په دې نوم باندې۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان! مونږه هغه بله ورځ ریزولیوشن پاس کړے دے، تاسو لږ دا خپله Personally اوګورئ، بلکه لاء منسټر صاحب د ئے هم اوګوری چې هغه Extend شی پاتا ته، هغه چې کوم ریزولیوشن دے، د هغې پروسیجر زر تر زره اوشی او هغه تاسو پراسیس کړئ چې هغه کوم ریزولیوشن ئے پاس کړے دے چې د هغې د پاره ضروری کارروائی چې لیګل پروسیجرز دی چې هغه زر تر زره کمپلیټ کړے شی۔

سینئر وزیر(بلدیات): صحیح ده، او بله دا اخری خبره چې دوئ کومه اوکړه، په دې باندې لږ ریسپانس ورکومه۔ دیکښې تاسو هم ما ته خبره کړې وه او جعفر شاه صاحب هم راته خبره کړې وه، د کمیونټی چې کومه متاثره کمیونټی ده، دوئ خپله ما ته Approach کړے وو خو دا ایشو داسې ده چې لکه ډیره Complicated او Sensitive غوندې ده، دیکښې Residences چې دی نو هغه دغه دیوان خاص چې کوم د دې دغه سره وو لیډیز کلب سره، د هغې خلاف

ریفرنسز راغلل، هغه د بشیر خان په وختو کېښې د هغوی بچے چې دے نو د هغه په نوم باندې لیزآؤټ شوے وو او هغې کښې هغه دیوان خاص په نوم باندې ځائې جوړ کړو نو د هغې خلاف لوکل کمیونټی لاړه او په دغه Litigations کښې بیا کمیونټی په ټاؤن کښې د Commercial activities خبره هم Raise شوه او بیا کورټ Decision اوکړو چې یره دا Commercial activity په ټاؤن کښې تاسو منع کړئ او دا Decision نه صرف هائی کورټ اوکړو بلکه سپریم کورټ کښې هم دې قانونی ادارو دا Decision اوبائیلو، هسپتالونو، کلینکونو دې ټولو دا Decision اوبائیلو. اوس زمونږ په دغه باندې دا پریشر دے او تعلیمی ادارو او هسپتالونو ته صرف کورټ څلور میاشتې ورکړې دی چې څلورو میاشتو کښې د دا منتقل شی. په هغې باندې ما ستاسو په وینا باندې یو غټ میټنګ هغه بله ورځ اوکړو چې په هغې کښې ایډمنسټریټرز هم وو، د کمیونټی خلق هم وو او په هغې کښې سیکرټری هاؤسنګ وو، په هغې کښې ډی سی پیښور وو، لوکل ګورنمنټ ډیپارټمنټ وو، ډی جی پی ډی اے پکښې، دا ټول ما کښېنول او دوئ ته ما اووئیل چې یره تاسو د دې مسئلېSolution مونږ ته راکړئ چې کوم Affectees دی، هغه هم ناست وو خو دا وه چې فوری Solution د چا سره هم نه وو، نو بیا د هغې د پاره مونږه هائی پاورډ کمیټی جوړه کړه چې په هغې کښې مو وکیلان کښېنول چې یره دا حکومت او دا دغه د Contempt نه هم بچ شی او دا سې Way-out راوځی چې د دې خلقو جائز کوم پرابلم دے، هغه ایډریس شی، ځکه د ټاؤنز بائی لاز چې دی نو په هغې کښې د Commercial activities currently اجازت نشته، بیا به بائی لاز چینج کول غواړی، ټاؤنز کښې به چرته کمرشل سیکشن جوړول غواړی لکه دا ټول مختلف آپشنز هلته کښې ډسکس شو نو په هغې باندې ما یو کمیټی جوړه کړې ده، هغې ته مې یو ټائم لائن ورکړے دے، په هغه ټائم لائن کښې دننه دننه به د کمیټئ رپورټ راځی نو چې هغه څنګه راغے نو هغه به مونږ Implement کوؤ. ډیره مننه جی.

<u>*جناب سپیکر:*</u> *آئٹم نمبر 8 اینڈ 9، اس کو میں پینڈنگ کرتا ہوں کیونکہ سردار ادریس صاحب نہیں ہیں۔*

<u>*جناب منور خان ایڈوکیٹ:*</u> جناب سپیکر! په دې باندې مونږ لږ خبرې کوؤ.

جناب سپیکر: جی جی۔ جی سردار ادریس صاحب چې Available وی نو بیا، سردار ادریس صاحب Available نه دے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نه سر! که لږه مونږ ته دا دغه راکړئ، مونږ دې له ورته اووئیل-----

جناب سپیکر: د رولز په مطابق بل څوک نشی کولے خو خیر بس بله ورځ به ور واچوؤ کنه؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نه سر! دغه رول خو دغه کیدے شی۔

جناب سپیکر: ته پلیز کښینه، کښینه کښینه جی۔ جی جی، بس پروسیجر او رولز ته به ګورو، بس هغه چې کله منسټر راشی، پینډنګ به ئے کړو۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نه سپیکر صاحب! دغه رول خو دغه کیدے شی، مونږ له ته موقع راکړه چې مونږ پرې خبره اوکړو۔

جناب سپیکر: د رولز مطابق چې دے کنه، د رولز مطابق، بله ورځ به ئے خیر دے دغه کړو۔ Next Item No. 10, Aamna Sardar, Aamna Sardar۔

گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی بل میں ترمیم

Ms: Aamna Sardar: Thank you, Mr. Speaker. I beg to move that leave may be granted to introduce the Galiyat Development Authority (Amendment) Bill, 2015, in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House is that-----

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر! میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: ځه بنه جی، عنایت صاحب!

سینیئر وزیر (بلدیات): زه یو خبره پکښې کوم، بیا به ان شاء الله د موشن د پیش کولو ضرورت هم نه پیښیږی۔

جناب سپیکر: جی جی۔

محترمہ آمنہ سردار: سر!

سینئیر وزیر (بلدیات): دا یو امنډمنټ د دوئ دا دے چې د ګلیات دغه چې کوم دے دا هیډکوارټر، هغه د۔۔۔۔

ایک رکن: اردو میں بات کریں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): ان کی (ہنستے ہوئے) ان کی امنڈمنٹ کا ایک پورشن یہ ہے کہ گلیات کا ہیڈ کوارٹر جو ہے، وہ لاء کے اندر لکھا جائے کہ وہ ایبٹ آباد میں Establish ہو، تو ہیڈ کوارٹر ایبٹ آباد میں ہے، اس پہ کوئی مطلب Objection نہیں ہے، لاء کے اندر کوئی پابندی نہیں ہے، آپ Obligatory بنانا چاہتی ہیں یا نہیں چاہتی ہیں۔ دوسرا ایشو جو ہے، وہ انہوں نے Raise کیا ہوا ہے کہ (مداخلت) Let me complete then, then, then she will، دوسرا ایشو انہوں نے Raise کیا ہوا ہے کہ پراونشل اسمبلی کا ایک ممبر Nominate کیا جائے یا سپیکر صاحب Nominate کریں۔ تو اس میں چیف منسٹر کے ساتھ یہ اختیار موجود ہے، انہوں نے Already nominate کیا ہوا ہے لیکن یہ دونوں سے ہٹ کے میں ایک بات کہہ رہا ہوں، یہی ہوا ہے کہ میں نے ان کے ساتھ ڈسکشن بھی کی ہے اور چونکہ یہ وہاں کی رہائشی ہیں، وہاں کی رہائشی ہونے کے ناطے میں نے ان کو کنسلٹ کیا ہے، ان سے Input لیا ہے، ان کے علم میں ہے کہ گلیات کی ری سٹرکچرنگ پہ ڈسکشن ہو رہی ہے اور یہ Proposal move ہوئی ہے اور پی ٹی آئی کے لوگوں نے، کچھ لوگوں نے Proposal move کی ہے، عمران خان کو انہوں نے Approach کیا ہے اور پھر انہوں نے حکومت سے کہا ہے کہ آپ اس پہ غور کریں اور وہ ری سٹرکچرنگ کا جو پراسیس ہے، اس میں اس کا امکان موجود ہے کہ بڑی ہول سکیل ری سٹرکچرنگ ہو اور گلیات ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کا علم جو ہے وہ میڈم کو ہے۔ میں میڈم سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کو فی الحال آپ ایک سائڈ پہ رکھیں اور اس پورے ری سٹرکچرنگ پراسیس میں آپ کو میں Involve کرتا ہوں۔ آپ چونکہ اس علاقے کی نمائندہ ہیں، اس پہ میں نے 20 تاریخ کو میٹنگ رکھی ہے، ان کے جو ایکسپرٹس ہیں، جو Concept note انہوں نے موو کیا ہوا ہے اور اس Concept note کے جو Originators ہیں، ان کے ساتھ 20 تاریخ، تین ساڑھے تین بجے میری پشاور کے اندر میٹنگ ہے۔ میں ان کو وہ جو Concept note ہے، اس کی کاپی میں میڈم کو بھی Provide کروں گا کہ یہ نوٹ پڑھیں اور ہم بیٹھ کے کوئی ایسی Proposal develop کر سکیں کہ جس کے نتیجے میں گلیات

ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو ہم مزید Vibrant body بنا سکیں، تو اس میں پھر اگر کوئی Consensus بنا تو ان کو بھی Incorporate کریں گے۔

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہ جو ایک امنڈمنٹ دی ہوئی ہے کہ ہیڈ کوارٹر ایبٹ آباد میں لے کے جایا جائے، اس سے مراد صرف یہ نہیں ہے کہ آفس کو دیا جائے، یہ Basically پہلے کمشنر کے انڈر ہوا کرتا تھا، ہماری یہ خواہش ہے کہ دوبارہ کمشنر، یہ Process reverse ہو جائے، یہ In practice یہ Already ہوتا رہا ہے، یہ نہیں ہے کہ پہلے نہیں ہوتا بلکہ کاغان ڈیویلپمنٹ اتھارٹی جو ہے، اس میں یہی Practice exist کر رہی ہے کہ وہ کمشنر کے ہی انڈر، ڈی سی کے انڈر آ رہی ہے، اس میں یہ ایک گزارش تھی۔ دوسری گزارش یہ تھی جی کہ جو Notables ہیں، وہاں کے جو سٹیک ہولڈرز ہیں، ان کی تو نمائندگی ہی نہیں ہے، ایک صاحب کو اٹھا کے پنجاب سے بنا دیا گیا ہے بورڈ آف ڈائریکٹر، کوئی صاحب جی ایبٹ آباد، چلو ایبٹ آباد تو ہمارا ڈسٹرکٹ آ جاتا ہے، ہری پور سے کیوں یا اور کسی جگہ سے کیوں نہیں، Why not Abbottabad؟ کیونکہ یہ ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد کے یا گلیات کے جو اپنے سٹیک ہولڈرز ہیں، جو اپنے رہائشی ہیں، ان کو آپ بنا ہی نہیں رہے، بورڈ آف ڈائریکٹرز میں نہیں ڈال رہے، بورڈ آف گورنرز میں نہیں ڈال رہے اور آپ باہر کے لوگوں کو لا کے مسلط کر رہے ہیں۔ ابھی بھی جو سر! آپ جو 'ری سٹرکچرنگ' کی بات کر رہے ہیں، مجھے یہی خدشہ ہے کہ ہم جو گلیات کے لوگ ہیں، ہم ہائی جیک ہو جائیں گے، ہمارے گلیات کے، ہم لوگوں کی کوئی Rights ہی نہیں رہیں گے اور یہ جو باہر سے لوگ آ رہے ہیں، پنجاب سے لوگ آ رہے ہیں یا اور دوسرے صوبوں سے آ رہے ہیں یا یہاں کے ہیں، صوبے کے مختلف علاقوں کے لوگ گلیات میں جا کے وہ خرید و فروخت شروع کر دیں گے اور اتنے اتنے شیئرز خرید لیں گے تو ہم لوگ کہاں جائیں گے؟ جو وہاں کے سٹیک ہولڈرز اور وہاں کے لوگ ہیں؟ مجھے تو صرف اپنی آواز پہنچانی ہے۔

جناب سپیکر: جی عنایت خان! عنایت خان!

سینیئر وزیر (بلدیات): میں نے ان کے ساتھ اپنے پورے، جو وہ Proposed restructuring ہے، اس حوالے سے میرے اپنے جو Concerns ہیں، وہ میں نے ان کے ساتھ شیئر کئے تھے اور میں نے یہ چار نکات اٹھائے تھے اور انہوں نے اس کے ساتھ ساتھ پی ٹی آئی کے دوستوں نے In

principle agree کیا ہے۔ میں نے ان سے کہا تھا کہ ایک جو گلیات کے Assets ہیں، وہ لوکل گورنمنٹ کے Assets ہیں اور According to the Local Government Law وہ Assets نہ کسی پہ فروخت کئے جا سکتے ہیں، نہ Sell out کئے جا سکتے ہیں بلکہ وہ لیز پہ Competitive transparent process پہ دیئے جا سکتے ہیں، ایک نکتہ یہ تھا۔ دوسرا یہ تھا کہ جو Local residents ہیں، جو بھی 'ری سٹرکچرنگ' ہو، اس میں Local residents کی، Stakes کی، ان کی نمائندگی ہو، یہ دوسری بات ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ جو بھی Decision ہو، اس کے نتیجے میں بہتری آئے، اس کے نتیجے میں بہتری آئے اور چوتھی بات یہ کہ کیا جو 'ری سٹرکچرنگ' ہم کرنا چاہتے ہیں یا کوئی نئی Entity وجود میں لانا چاہتے ہیں، اس Entity کو ہم Currant law کے اندر، اس کے Periameter کے اندر اور اس فریم ورک کے اندر رہتے ہوئے وہ Reforms introduce کریں یا اس کیلئے اس لاء کو Repeal کرنا پڑے گا اور نیا لاء لانا پڑے گا، اسلئے میں میڈم! آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ کی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میں اس طرح کرتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات)</u>: میں ان کے ساتھ ہوں، بالکل لوکل میں جو نئی Entity بنے گی، میں اس میں Ensure کراؤں گا کہ اس میں Local residents کی نمائندگی ہو، یہ بالکل ان کی بات درست ہے لیکن ظاہر ہے یہ اس وقت ایک whole-scale restructuring ہو رہی ہے تو اس میں ان کے جتنے بھی پوائنٹس ہیں، ہم Incorporate کرتے ہیں۔ میرے خیال میں اس وقت اس کو Incorporate کرنے کا کوئی وہ نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: میں اس طرح کرتا ہوں کہ اس کو، (مداخلت) ایک منٹ، اس کو پینڈنگ کرتا ہوں تاکہ آپ کو موقع ملے، ڈسکشن کریں اور وہ چانس بنتا ہے تو ٹھیک ہے Otherwise پھر جو پروسیجر ہے، اس کے مطابق کرلیں گے جی، اس کو ہم پینڈنگ کرتے ہیں جی۔

<u>جناب منور خان ایڈووکیٹ</u>: جناب سپیکر! منسٹر صاحب محترمہ کے ساتھ بیٹھ جائیں اور بات کرلیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: میڈم! آپ اس کے ساتھ بیٹھ جائیں، ڈسکشن کرلیں، اگر کوئی آپ کی انڈر سٹینڈنگ بنتی ہے تو ٹھیک ہے Otherwise میں اس کو، آپ کو Next اس میں دے رہا ہوں، ڈال لوں گا۔

محترمہ آمنہ سردار: سر! اس فورم پہ میں یقین دہانی چاہتی ہوں، وہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کی اونرشپ ہونی چاہیئے، اونرشپ پرائیویٹ پارٹیز کو نہ جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

محترمہ آمنہ سردار: یہی میری ریکویسٹ ہے کہ شیئرز زیادہ گورنمنٹ کے ہوں، پرائیویٹ پارٹیز کے نہ ہوں۔

Senior Minister (Local Government): I assure, I assure this House, I assure her and I assure this House کہ میری موجودگی میں حکومت کی پراپرٹی کسی پرائیویٹ آدمی کے ہاتھ میں نہیں جائے گی۔ یہ بات ہوسکتی ہے کہ Government entity کے اندر کمیونٹی کو Involve کیا جائے، ان کو نمائندگی دی جائے، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اندر ان کو نمائندگی دی جائے، یہ بالکل ہوسکتا ہے، یہ حکومتی لاء کے اندر موجود ہوتا ہے لیکن حکومتی Assets، میں ان کو ایشورنس دیتا ہوں کہ It will not go into private hands.

غیر سرکاری مسودہ قانون متعارف کرانے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

{خیبر پختونخوا زکواۃ انٹرنل آڈٹ سٹاف (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2015}

Mr. Speaker: Item No. 12: Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, Mr. Shah Hussain, MPA and Syed Jafar Shah, MPA.

Mr. Jafar Shah: Thank you, Janab Speaker. I rise to move that leave may be granted to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Zakat Internal Audit Staff (Regularization of Services) Bill, 2015, in the House.

جناب سپیکر: حبیب الرحمان صاحب! کچھ کہنا چاہیں گے اس کے اوپر؟ میں اس کو۔۔۔۔۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ ومذہبی امور): وہ تو صرف یہی چاہتا ہے اور یہ تو Passage Stage پر نہیں ہے، جب آجائے تو اس کو Oppose کرلیں گے، میں پہلے سے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Okay, okay. The motion before the House is that the leave may be granted to the honourable Member for introduction of the Khyber Pakhtunkhwa, Zakat Internal Audit Staff (Regularization of Services) Bill 2015? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The leave is granted.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا متعارف کرایا جانا

{خیبر پختونخواز کواۃ انٹرنل آڈٹ سٹاف (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2015}

Mr. Speaker: Item No. 13: Sardar Aurangzeb Nalotha MPA, Mr. Shah Hussain Khan and Syed Jafar Shah Sahib.

Mr. Jafar Shah: Thank you, Mr. Speaker. I, rise to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Zakat Internal Audit Staff (Regularization of Services) Bill, 2015, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

میڈم معراج نہیں ہیں تو اس کیلئے میں یہ پینڈنگ کرتا ہوں۔ یہ ایٹم نمبر 14، معراج ہمایون اینڈ آمنہ سردار۔

غیر سرکاری مسودہ قانون متعارف کرانے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

{خیبر پختونخوا (امنڈمنٹ آف لاز) مجریہ 2015}

Ms: Aamna Sardar: Thank you, Janab Speaker. I rise to move that the leave may be granted to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, (Amendment of Laws) Bill, 2015, in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the leave may be granted to the honourable Member for introduction of the Khyber Pakhtunkhwa, (Amendment of Laws) Bill, 2015? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes" have it. The leave is granted.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا متعارف کرایا جانا

خیبر پختونخوا (امنڈمنٹ آف لاز) مجریہ 2015}

Mr. Speaker: Madam Meraj Hamayun Khan and Madam Aamna Sardar, item No. 15.

Ms: Aamna Sardar: Sir, whereas it is expedient to amend certain laws, it is hereby enacted as follows,-

Short title and commencement, - This Act may be cited as the Khyber Pakhtunkhwa Amendment of Laws---

جناب سپیکر: Introduction، نہیں نہیں آپ-----

محترمہ آمنہ سردار: جی جی، امنڈمنٹس، جی سر۔ سر! اس پہ میری Khyber Pakhtunkhwa Act No. IX of 2013, the Khyber Pakhtunkhwa, Payment of Wages Act, 2013, in section 2 in clause (ii)---

جناب سپیکر: یہ آپ کدھر جارہی ہیں جی؟ صرف موشن پڑھیں، Only motion۔

Ms: Aamna Sardar: I rise to introduce the Khyber Pakhtunkhwa---
Mr. Speaker: I beg to introduce---
Ms. Aamna Sardar: Amendment of Laws Bill, 2015, in the House.
Mr. Speaker: It stands introduced. Item No. 16: Madam Uzma Khan.

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ، مسٹر سپیکر۔ سر! ریزولیوشن سے پہلے میں کچھ کہنا چاہوں گی۔ آج منسٹر فار لوکل گورنمنٹ نے بہت اچھی ایشورنسز دیں، وہ شاہ حسین صاحب کے ساتھ سی ای او پی ڈی اے کو بھی بٹھائیں گے اور آمنہ سردار صاحبہ کی امنڈمنٹ کو بھی نئی 'ری سٹرکچرنگ' میں جگہ دیں گے لیکن جناب سپیکر، 27-10-2014 کو ایسی ایک ایشورنس مجھے بھی منسٹر صاحب نے دی تھی کہ ہم بینک آف خیبر کے وی پی کو بلا کر ان سے یہ ڈسکس کریں گے کہ بندے کے ساتھ کیوں زیادتی کی گئی؟ لیکن پانچ مہینے گزرنے کے بعد بھی نہ ہمیں منسٹر صاحب لوکل گورنمنٹ نے بلایا اور نہ کوئی ڈیپارٹمنٹ سے اس کے بارے میں کوئی جواب آیا، تو میں ذرا ان سے ایشورنس لینا چاہوں گی۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ آپ اپنا، میڈم عظمیٰ خان! ابھی آپ کا جو ہے ایٹم نمبر 16، ریزولیوشن۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): تھینک یو۔ دیکھیں اس وقت منسٹری جو تھی، وہ اناؤنس نہیں ہوئی تھی اور منسٹری سے سراج صاحب نے استعفیٰ دیا تھا، جس میں میں یہاں ہاؤس میں بیٹھ کے جواب دیتا رہا، اس کے بعد فنانس منسٹر آئے، Accordingly ان کے ڈیپارٹمنٹ کو یہ باتیں Communicate کی گئیں، جو اسمبلی کا بزنس ہوتا ہے، یہاں نمائندہ ہوتا ہے اور اگر ان کے ساتھ وہ نہیں بیٹھا، ان کے ساتھ ان کی وہ نہیں ہوئی ہے، ان کا رابطہ نہیں ہوا ہے تو میں معذرت چاہتا ہوں اور میں اس کو Ensure کراؤں گا۔ سر! جب مجھے یہ کہا جاتا ہے، میں نے پچھلے دنوں اس اسمبلی کے اندر ایشورنس دی تھی، جو صوابی سے ہماری خاتون رہنما ہیں اور ایم پی اے ہیں، میں نے اسی دن جا کے ڈی آئی جی کو ٹیلی فون کیا، ان سے میں نے Written report مانگی، ایک Written report میں نے ان سے مانگی تھی۔ اس طرح جو بابر سلیم

صاحب نے نکتہ اٹھایا تھا، میں نے اس پہ بھی Written وہ مانگا، اسمبلی کے اندر میں جو بھی ایشورنس دیتا ہوں، میں اس کو Delay کرنے کی بجائے یہاں سے نکل کے فوراً Telephonically communicate کرتا ہوں، اس پہ پھر پراسیس کتنا ہوتا ہے، حکومتی نظام کے اندر جو مشکلات ہوتی ہیں اس کا تو آپ کو خود علم ہے لیکن میں جو ایشورنس دیتا ہوں، میں اس کو Communicate کرتا ہوں اسمبلی سے باہر نکل کے، اگر اس کو وہ اس سے نہیں ہوا ہے تو یہ اسمبلی میرے لئے محترم ہے اور اس کا ہر رکن میرے لئے محترم ہے اور اس کی عزت میری عزت ہے، میں ان سے معذرت کرتا ہوں اور میں مظفر سید صاحب کو آج ہی بتاؤں گا کہ وہ ایم ڈی جو ہے، وہ ان کے ساتھ بٹھائیں گے، ان کا جو۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker</u>: Item No. 16, item No. 16.

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: جناب سپیکر! میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا پروسیجر برابر شی کنه جی، جی ایتم نمبر 16۔

میڈیکل کالجز میں سیکنڈ شفٹ شروع کرنے کیلئے قرارداد

<u>محترمہ عظمیٰ خان</u>: سر! میں منسٹر فار لوکل گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرتی ہوں، ساتھ میں اپنی ریزولیوشن پیش کرتی ہوں۔

چونکہ صوبے میں آبادی زیادہ ہونے کی وجہ سے طلباء و طالبات کیلئے میڈیکل کالجوں میں سیٹوں کی کمی کا سامنا ہے اور اکثر طلباء و طالبات باہر ممالک کے میڈیکل کالجوں میں داخلہ لینے پر مجبور ہیں جن سے کروڑوں روپے کا زر مبادلہ باہر ممالک میں خرچ ہوتا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ صوبے میں طلباء و طالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے کے تمام میڈیکل کالجوں میں شام کے اوقات کار یا سیکنڈ شفٹ کلاسز میں مناسب فیسوں کے ساتھ داخلے کیلئے ضروری اقدامات کئے جائیں تاکہ عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا ہو سکے۔

مسٹر سپیکر! میں ذرا اس کی افادیت بیان کر دوں۔ اس سے ایک تو زیادہ تر سٹوڈنٹس پرائیویٹ کالجز میں نہیں جائیں گے جہاں پہ لاکھوں کی فیسیں انہیں دینا پڑتی ہیں، نہ وہ چائنا جائیں گے، نہ وہ رشیا جائیں گے بلکہ اپنے ہی ملک میں تعلیم حاصل کریں گے اور اسی ملک پہ Serve کریں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: شاہ فرمان خان!

جناب شاہ فرمان (وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئر نگ): جناب سپیکر! یہ قرارداد کی شکل میں پہلے بھی یہ ایشو 2013 میں Raise ہو چکا ہے اور اس کے اوپر جو چیئر مین ہیں، سرکاری میڈیکل کالجز کے جو جوائنٹ ایڈمیشن کمیٹی کے چیئر مین ہیں، اس نے جو انفارم کیا ہے کہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل جو ایسوسی ایشن ہے، یہ اجازت کیوں نہیں دیتی شام کے کالجز کی اور اس کی ایک Reason انہوں نے بتائی ہے کہ جو میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس ہیں، وہ فورتھ ایئر اور فائنل ایئر میں شام کے وقت وہ ہاسپٹل جاتے ہیں اور ادھر کلاسز 'اٹینڈ' کرتے ہیں، ہسٹریاں لیتے ہیں، Practically وہ Patients کے ساتھ Intouch ہوتے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو Reason ہے میرے سامنے تو بڑی Valid لیکن چونکہ عنایت صاحب ہیلتھ منسٹر رہ چکے ہیں تو اگر وہ کوئی Add کرنا چاہیں تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان، اچھا عنایت! (جناب شوکت علی یوسفزئی سے) ہاں، آپ دونوں چلیں اس پر بات، عنایت خان بات کر لیں گے، آپ بھی بات کریں اس کے بعد۔ عنایت خان! آپ بات کریں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سر! یہ جو انہوں نے مسئلہ اٹھایا ہے، مجھے تو یہ ڈر نہیں ہے کہ ڈاکٹرز کم بن رہے ہیں، میں جو دیکھ رہا ہوں تو ڈاکٹرز اتنے زیادہ بن رہے ہیں کہ Saturation point تک پہنچ رہے ہیں اور سات آٹھ سال Down the line دو تین مسئلے سامنے آ رہے ہیں۔ ایک یہ آ رہا ہے کہ بڑی تعداد میں ڈاکٹرز بے روزگار ہوں گے اور دوسرا مسئلہ یہ سامنا آ رہا ہے کہ جو میڈیکل کالجز، پرائیویٹ اینڈ پبلک سیکٹر میڈیکل کالجز کی جو مشروم گروتھ ہو رہی ہے، اس کے نتیجے میں کوالٹی آف میڈیکل ایجوکیشن گر رہی ہے، کثرت سے کوالٹی گر جاتی ہے، یہ ایک جنرل اصول ہے، کوالٹی گر رہی ہے۔ اس کا یہ نتیجہ ہوگا کہ آپ کے میڈیکل کالجز جو Internationally registered ہوتے ہیں میڈیکل سکولز کے، تو اسے Derecognize کیا جائے گا اور اس سے آپ کے میڈیکل کالجز نکل جائیں گے اور جب اس سے آپ کے میڈیکل کالجز نکل جائیں گے اور اب نکل کر جا رہے ہیں تو اس کے نتیجے میں باہر کے ملکوں میں آپ کے لوگوں کو ڈگریاں نہیں ملیں گی۔ تو میڈیکل کالجز کے اندر جو Currently doctors produce ہو رہے ہیں، وہ بہت زیادہ ہیں اور ایک اور Disparity ہے، شاید میڈم کی اس کی طرف توجہ نہ ہو کہ میڈیکل کالجز کے اندر ڈاکٹرز تو بڑی تعداد میں Produce ہو رہے ہیں لیکن اس کے تین Pyramids ہیں، ایک ڈاکٹر ہے، ایک پیرامیڈیکس ہیں اور نرسز ہیں، اس Ratio سے نرسز سب سے زیادہ

Round the clock نرسز Important ہیں کیونکہ ڈاکٹرز سے نرسز زیادہ Important ہیں، ہاسپٹلز کے اندر ہوتی ہیں اور نرسنگ کیئر جو ہے، وہ بہت زیادہ مریض کیلئے Important ہوتا ہے، یعنی اس وقت نرسنگ کے اوپر کوئی توجہ نہیں ہے کیونکہ نرسنگ میں پیسے کمانے کا کوئی وہ نہیں ہے، اس میں پیسے نہیں کمائے جاتے تو اسلئے نرسنگ کا کوئی وہ نہیں ہے، حالانکہ پی ایم ڈی سی کی یہ Requirements ہیں کہ جو میڈیکل کالج کھولے گا، وہ نرسنگ سکول بھی کھولے گا اور پیرامیڈیکس سکول بھی کھولے گا لیکن یہ دونوں شعبے جو ہیں وہ نظرانداز ہیں تو یہ بھی ایک Disparity ہے، اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اگر، اور دوسری، تیسری، چوتھی بات یہ ہے کہ یہ Feasible نہیں ہے کہ ایوننگ شفٹ میں میڈیکل کالجز کے اندر ایوننگ شفٹ شروع کی جائے جو ان کیلئے ہاسپٹلز ہیں، لیبارٹریز ہیں، وہ ایک خاص تعداد کے طالب علموں کیلئے Recognize ہوتے ہیں۔ ان ساری چیزوں کی Measurement پی ایم ڈی سی کرتی ہے، لیبارٹریز کی، Basic sciences کے پروفیسرز کی، کلینکل سائنس کے پروفیسرز کی اور ہاسپٹل کے Bed strength کی، ان سب کی Measurement کرکے پھر وہ ان کو یہ اجازت دیتی ہے کہ آپ 100 لوگوں کو داخل کرائیں یا 50 لوگوں کو داخل کرائیں۔ اسلئے اگر آپ شام کو بھی کرائیں گے تو حکومت کو یہ Facilities double اور Triple کرنا پڑیں گی، Hospital beds میں اضافہ کرنا پڑے گا، لیبارٹریز میں اضافہ کرنا پڑے گا، Basic sciences کے پروفیسرز کو زیادہ کرنا پڑے گا۔ یہ اتنے سارے مسائل ہیں کہ اس سے یہ عملاً ممکن نہیں ہے۔ مجھے تو یہ خدشہ ہے کہ جو ڈاکٹرز اور جس حد تک The way they are churning out, doctors, and we become the factory of the doctors، مجھے آٹھ دس سال Down the line یہ خدشہ مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ کوالٹی گرنے کی وجہ سے ہمارے میڈیکل کالجز کو باہر کے ملکوں کے اندر Derecognize کیا جائے گا اور ان کی یہ جو International recognition ہے، وہ ختم ہو جائے گی، نتیجتاً باہر کے ملکوں میں ہمارے لوگوں کو وہ نہیں ملے گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شوکت خان!

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی:</u> بہت مہربانی۔ شکریہ جناب سپیکر۔ بالکل، عنایت صاحب نے جو باتیں کیں، میں ان سے اتفاق کرتا ہوں لیکن کچھ چیزیں جو بڑی اس وقت جاری ہیں جس کی وجہ سے یعنی یہ تو خواہش ہر باپ کی ہوتی ہے کہ اس کا بیٹا انجینئر، ڈاکٹر بنے لیکن جو اس وقت ہمارے میڈیکل کالجز ہیں، ان کی جو صورتحال ہے، اس میں ایک چیز میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ فیس ریگولیٹ نہیں ہے، مطلب

یہ کہ اگر شروع میں انہوں نے چار لاکھ رکھے تھے، پانچ لاکھ، اس وقت آپ کو پتہ ہے کہ سیچویشن بارہ لاکھ تک پہنچ گئی ہے اوراس کے علاوہ Donation، یعنی کہ کسی بچے کے نمبر بھی اچھے ہوں گے لیکن اس سے کہا جاتا ہے کہ Donation پہلے جمع کریں تو پچاس لاکھ Donation، تو یہ ایک اتنی عجیب سی سیچویشن بن گئی ہے اس صوبے کے اندر کہ کوئی باپ اگر چاہے بھی، کوئی زمین بھی بیچ کر اگر وہ پڑھائی کرانا چاہیں تو نہیں کرا سکتا، یہ بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔ اس کا جو مقصد تھا، پرائیویٹ کالجوں کے کھولنے کا مقصد یہ تھا کہ اگر کوئی میرٹ کے اندر سرکاری اس میں نہ آ سکے تو چلو اس میں تھوڑا بہت اس کیلئے موقع مل سکے لیکن یہاں یہ کاروبار ہو چکا ہے، یہاں پر میں آپ کے نوٹس میں ایک اور چیز لانا چاہتا ہوں کہ اوورسیز پاکستانیز کا ہر میڈیکل کالج کے اندر ایک کوٹہ ہوتا ہے لیکن سب سے بڑا پرابلم یہ آ رہا ہے کہ آپ شروع دن سے جائیں داخلے کیلئے تو وہ کہتے ہیں کہ جی سیٹیں ختم ہو گئی ہیں صرف اوورسیز میں آپ کیلئے سیٹیں موجود ہیں، تو اس میں ڈالروں کے اندر 'پے منٹ' وہ مانگتے ہیں تو یہ جو چار لاکھ، پانچ لاکھ رکھے جاتے ہیں، وہ آپ سے اٹھارہ لاکھ روپے اس دفعہ لیے گئے تھے اور میں اس کے ساتھ گیا تھا تو مجھے اس دفعہ، یہ چیزیں ایسی ہیں کہ صوبے کے لوگوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، بچوں کی خواہشوں کا جو گلہ گھونٹا جا رہا ہے، اگر ایک بچہ قابل ہے اور اگر وہ سرکاری سے بچتا ہے، اس کا حق بنتا ہے کہ وہ دوسرے کالج میں جائے لیکن اس کا حق صرف اسلئے مارا جا رہا ہے کہ اس صوبے میں جس کے پاس پیسہ ہوگا، وہ صرف تعلیم حاصل کرے گا، تو یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ میری درخواست ہے اس ایوان سے کہ اس کیلئے کمیٹی بنائی جائے، ان کی فیسیں ریگولیٹ کی جائیں، یہ کیا ہو سکتا ہے کہ جناح کالج میں آپ جائیں تو وہاں آپ سے چار لاکھ لیے جائیں گے، ایک دوسرے کالج میں جائیں تو وہاں آپ سے دس لاکھ لیے جائیں گے، تیسرے کالج میں جائیں تو سولہ لاکھ لیے جائیں گے، یہ کیا تماشہ ہے جناب سپیکر؟-----

جناب سپیکر: جی میڈم!

جناب شوکت علی یوسفزئی: یہ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس میں، اس پہ ضرور کمیٹی بناؤ اور ایک اور چیز کہ خیبر میڈیکل یونیورسٹی چونکہ ہماری سرکاری یونیورسٹی ہے، اس میں ہمارے پاس Already، آپ کو پتہ ہے کہ صوبے میں انستھیزیا بہت کم ہے، انستھیزیا ڈاکٹر ہے ہی نہیں، انستھیزیا کیلئے تو انہوں نے کلاسیں شروع کیں، انہوں نے پرائیویٹ اس نے شروع کیا اور باقاعدہ لوگوں سے تیس تیس ہزار روپے دو دو، تین تین مہینوں کے وصول کئے جا رہے ہیں۔ وہ سٹوڈنٹس میرے پاس اس دن آئے

کہ جی وہاں لیبارٹری بند ہے، لیبارٹری نہیں ہے، وہاں کوئی اساتذہ نہیں ہیں اور پورے دن میں ایک کلاس لی جاتی ہے لیکن ہم سے فیسیں پوری لی جاتی ہیں، تو اس پر ذرا نوٹس لیا جائے جناب سپیکر! ایک کمیٹی بنائی جائے جو کہ اس چیز کو ریگولیٹ کرے۔ اگر اس صوبے میں میڈیکل کالج، ڈاکٹرز پیدا کرنے ہیں تو میرے خیال میں سب کیلئے ایک فیس مقرر کی جائے، یہ میری آپ سے گزارش ہو گی۔ تھینک یو جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: آپ اس پہ باقاعدہ ایک وہ لے آئیں۔ میڈم! آپ Agree کرتی ہیں ان کیساتھ کہ۔۔۔۔۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر! میں تھوڑا، جتنے مسائل گورنمنٹ نے گنوائے، کیا اس میں کسی مسئلے کے حل کیلئے کوئی Step بھی اٹھایا ہے؟

جناب سپیکر: جی، آپ پیش کرنا چاہتی ہیں اس ہاؤس کے سامنے کہ نہیں؟

محترمہ عظمیٰ خان: نہیں سر، جتنی گروتھ پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی ہو رہی ہے تو کیا کسی روک تھام کیلئے فیڈرل سے یا پی ایم ڈی سی سے کوئی رابطہ ہوا ہے؟ جناب سپیکر! ہماری ایف سی ایس ڈگری ہوا کرتی ہے سپیشلائزیشن کی یہاں پاکستان کی جو آج کل صرف سعودیہ کے علاوہ کوئی Country اسے سپیشلسٹ ڈگری ماننے کو تیار نہیں ہے اور جناب سپیکر! یہی ڈگری ہوا کرتی تھی کہ تمام Countries میں یہ رجسٹرڈ ہوا کرتی تھی اور وہاں انہیں سپیشلسٹ کی پوسٹیں ملتی تھیں تو کیا اس گرتے معیار کو روکنے کیلئے گورنمنٹ نے کچھ کیا ہے؟

جناب سپیکر: آپ اس کو واپس لیتی ہیں یا ووٹ کیلئے ڈالتی ہیں؟

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں سر! سر، یہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل جو ہے، وہ ریگولیٹ کرتی ہے، کوالٹی آف ایجوکیشن کو Ensure بناتی ہے اور یہ مشروم نہ صرف پرائیویٹ سیکٹر میں ہو رہا ہے، بلکہ پبلک سیکٹر میں بھی ہو رہا ہے۔ میرے خیال میں اس پہ ان چیزوں کو بیلنس کرنا ہو گا اور اس کے حوالے سے بالکل یہ درست کہتی ہیں کہ Policy decisions لانا پڑیں گے اور اپنے اعداد و شمار کے مطابق اپنے فیوچر کی ضرورتوں کے مطابق اس کے حوالے سے Decisions لینا پڑیں گے۔ شوکت صاحب نے بات اٹھائی ہے، وہ بھی مناسب ہے، اس پہ بھی مطلب حکومت کے کسی لیول کے اندر اس پہ بھی بحث ہونی چاہیئے اور پرائیویٹ سیکٹر کے میڈیکل کالجز کو بھی سننا چاہیئے کہ ان کا کیا مؤقف ہے کہ وہ کیوں مطلب جو Donations لیتے ہیں، وہ کیوں لیتے ہیں؟ جو زیادہ فیس چارج کرتے ہیں، اتنی Disparity fee کے اندر کیوں ہے، فیس سٹرکچر کے اندر کیوں ہے؟ ان کو بھی سننا چاہیئے، ان سے بھی Input لینا چاہیئے اور ان

باتوں کا بالکل ان کو مطلب، میں ان سے Agree کرتا ہوں اور ہیلتھ منسٹر صاحب اگر موجود ہوں تو ہم ان سے ریکویسٹ کریں گے کہ ان ساری چیزوں کے اوپر Exercise حد تک ہو، ان کے نوٹس میں آنا چاہیئے اور پالیسی کے بارے میں ان سے پوچھا جائے۔

جناب سپیکر: اچھی بات یہ ہو گی کہ ہیلتھ منسٹر جب آ جائیں، ٹھیک ہے پھر ڈسکس کر لیں پلیز۔ بس ابھی۔۔۔۔۔

محترمہ عظمیٰ خان: ٹھیک ہے جی۔

Mr. Speaker: Okay ji. The sitting is adjourned till 02:00 pm of tomorrow afternoon.

(اجلاس کل بروز جمعة المبارک مورخہ 17 اپریل 2015ء دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)